www.dailyaaj.com.pk

پشاور، ایبٹ آباد اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیرالاشاعت قومی روزنامہ

روشن کل کی ضمانت، آج کا نقیب امین

روزنامہ آج

گروپ چیف ایڈیٹر

نگہت شاہین

بانی

عبدالواحد یوسفی

پشاور

پاکستان

جلد 37 | بدھ 24 ذوالحجہ 1447ھ 10 جون 2026ء 27 جیٹھ 30 | شمارہ 148

# تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن وانا

# ای نیلامی نوٹس برائے مالی سال 2026-27

تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن وانا (لوکل کونسل) بورڈ خیبر پختونخوا) بمطابق نوٹیفکیشن نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07 مئی 2026 اپنے درج ذیل ذرائع آمدن کو مالی سال 2026-27 کے لیے بذریعہ ای۔ بلدیہ ای۔ آکشن سسٹم نیلام کرنے کی خواہشمند ہے۔ ای۔ نیلامی کے عمل میں شرکت کے لیے صرف وہ ٹھیکیداران اہل ہوں گے جو لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا پشاور سے رجسٹرڈ ہوں۔ لہذا تمام خواہشمند ٹھیکیداران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ای۔ بلدیہ ویب پورٹل cfmis.lgkp.gov.pk وزٹ کر کے اپنی رجسٹریشن مکمل کریں اور بعدازاں ای۔ نیلامی کے عمل میں حصہ لے سکیں گے۔

## شیڈول برائے ای۔ نیلامی

| S. No. | Name of Contract | Contract Period | Earnest Money Amount (Rs.) | Start Date/Time of E-Auction | End Date/Time of E-auction |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | General Bus Stand TMA Wana | 01-07-2026 To 30-06-2027 | 234,000/- | 29-06-2026 9:00 am | 01-07-2026 4:00 pm |

## چیدہ چیدہ شرائط و ضوابط:-

1- صرف وہی ٹھیکیداران/فرمز ای۔ نیلامی میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے جو سال 2026-27 کے لیے لوکل کونسل بورڈ پشاور سے رجسٹرڈ ہوں۔

2- رجسٹرڈ ٹھیکیداران ای۔ نیلامی کے عمل میں شرکت کے لیے ای۔ بلدیہ ویب پورٹل وزٹ کر سکتے ہیں۔

3- دلچسپی رکھنے والے بولی دہندہ گان نیلامی کی آخری تاریخ سے دو (02) دن قبل سسٹم پر قابل قبول کال ڈیپازٹ رسید اپ لوڈ کریں گے۔ سی۔ڈی۔ آر TMA، TMO وانا کے نام پر ہونا لازمی ہوگا۔ جعلی سی۔ ڈی۔ آر یا غلط معلومات فراہم کرنے کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ بولی دہندگان نیلامی سے قبل متعلقہ ریونیو سورس/ مقام کا معائنہ خود کرلیں۔

4- ناکام بولی دہندہ گان کی زرضمانت نیلامی کے عمل کی تکمیل کے سات (07) دن کے اندر واپس کردی جائے گی۔

5- تمام ریونیو کنٹریکٹس کی بنیادی/ ریزرو بولی گزشتہ مالی سال کی منظور شدہ آمدن/ بولی سے کم از کم دس فیصد (10%) زائد مقرر کی گئی ہے، لہذا بولی دہندگان اپنی بولیاں اسی تناسب کو مدنظر رکھتے ہوئے جمع کروائیں۔

6- کامیاب بولی دہندہ تین (03) دن کے اندر 15 فیصد ایڈوانس، 5 فیصد سیکیورٹی، قومی شناختی کارڈ کی نقل اور لوکل کونسل بورڈ کی جانب سے جاری کردہ کارآمد رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ کی کاپی جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

7- سالانہ بنیاد پر قابل وصول فیس/ٹیکس کی وصولی سے متعلق ریونیو کنٹریکٹس کے لیے 50 فیصد رقم بطور ایڈوانس جمع کرانا لازم ہوگا، جبکہ باقی رقم متعلقہ قواعد وضوابط کے مطابق مقررہ اقساط میں ادا کی جائے گی۔

8- مقررہ مدت کے اندر ایڈوانس رقم جمع نہ کروانے یا معاہدہ مکمل نہ کرنے کی صورت میں بولی خودکار طور پر منسوخ تصور ہوگی اور زرضمانت متعلقہ لوکل کونسل کے حق میں ضبط کرلی جائے گی۔

9- کنٹریکٹ کسی دوسرے شخص کو سب لیٹ، منتقل یا تفویض نہیں کیا جاسکے گا۔ کسی ناگزیر صورتحال، تکنیکی خرابی یا انتظامی وجوہات کی بنا پر ای۔ نیلامی کے عمل کو ملتوی، منسوخ یا دوبارہ منعقد کرنے کا اختیار ٹی ایم۔اے وانا کو حاصل ہوگا۔

10- کسی بھی صورت میں کنٹریکٹ رقم میں رعایت، نرمی یا کمی کی اجازت نہیں ہوگی۔ اگر کسی کنٹریکٹ کے حوالے سے حکومتی پالیسی یا قواعد میں تبدیلی واقع ہو تو متعلقہ ٹھیکیدار اس کا پابند ہوگا۔

11- بولی دہندگان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنی بولیاں احتیاط سے جمع کروائیں۔ کسی بھی غلط، غیر حقیقی یا غیر معمولی بولی کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ بولی دہندہ پر عائد ہوگی۔

12- بولی دہندگان اپنے یوزر نیم اور پاس ورڈ کو محفوظ رکھیں تاکہ کسی بھی غلط استعمال سے بچا جاسکے۔

13- لوکل کونسل کے نادہندہ ٹھیکیداران ای۔ نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

14- تمام قابل اطلاق وفاقی وصوبائی ٹیکسز، ڈیوٹیز اور دیگر محصولات ٹھیکیدار خود ادا کرے گا۔

15- کامیاب بولی دہندہ معاہدہ کی مدت کے دوران کسی بھی سرکاری ادارے کی جانب سے جاری کردہ قانونی احکامات اور ہدایات پر عملدرآمد کا پابند ہوگا۔

16- ای بلدیہ/ ای- آکشن سسٹم میں شرکت تمام شرائط وضوابط کی قبولیت تصور ہوگی۔

17- تفصیلی شرائط وضوابط اور دیگر معلومات دفتری اوقات میں ریگولیشن سیکشن TMA وانا سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن وانا کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی بولی کو ٹھوس قانونی وجوہات کی بنا پر قبول یا مسترد کردے۔ تمام ٹھیکیداران کو ای۔ نیلامی کے مروجہ قوانین کی مکمل پاسداری کرنا ہوگی۔

**المشتہر**
**تحصیل آفیسر ریگولیشن، TMA وانا**

**بحکم**
**تحصیل میونسپل آفیسر، TMA وانا**

Zero Tolerance to Corruption

INF(P)2838/26